دن رات ناپاک، زہریلے پروپیگنڈوں میں مصروف ہے اور بدقسمتی سے ہمارے طبقہ کے بعض سنجیدہ علماء کا بھی ابھی تک شرح صدر نہیں ہوا اور تاحال ان بے چاروں کو ملحدین کے بے بنیاد شوشوں نے اتنا متاثر کردیا ہے کہ طلبہ کے حق میں ایک حرف کہنے کے روادار نہیں ہیں۔ اور بعض بے چاروں کو تو ربانی تحائف و ہدایا نے صم بکم کردیا ہے، فالی اللہ المشتکی. لمثل ھذا یذوب القلب عن کمد فی القلب ایمان واسلام۔ بہتر تو یہی ہوگا کہ آپ اس زرین اداریہ میں مناسب اضافات فرماکر پمفلٹ کے شکل میں شائع فرمادیں تو اس حرکت کے لئے تادیر دستاویز ثابت ہوگا۔ خدا کرے کہ دیگر دینی جرائد و مجلات کے اداریہ نگار بھی " الحق " کی طرح اس " لشکر محمدی " کی حمایت میں اپنے گرانقدر جذبات سے سرشار اداریئے زیب مجلات فرماکر اپنا مذہبی، دینی، تبلیغی فریضہ ادا کریں۔

مکرم و محترم والد بزرگوار زید مجدہ، محترم مولانا عبد القیوم حقانی صاحب زید مجدہ، محترم شفیق فاروقی صاحب اور عزیزم مولانا حامد الحق صاحب اور محترم ومکرم حضرت مولانا انوارالحق صاحب اور دیگر جملہ اساتذہ کرام کی خدمت میں تسلیمات عرض ہیں۔

دعاگو ودعاجو۔ سید شیر علی شاہ

سابق مدرس دارالعلوم حقانیہ اکوڑہ خٹک

مرداں چنیں کنند

جناب راشد الحق سمیع کو " افغانستان میں مصالحانہ کوششیں یا مکروہ سازشیں " کے عنوان سے عظیم اداراتی تحریر لکھنے پر دلی مبارکباد پیش کرتا ہوں۔ آپ نے اس سلسلہ میں سازشی کردار ادا کرنے والوں کا جس طرح جرات وہمت اور استقامت سے نوٹس لیا ہے۔ وہ اپنی مثال آپ ہے، مرداں چنیں کنند۔